# PravasiBharatiya Divas Convention: 2021

January 07, 2021

---

## پرواسی بھارتیہ دیوس کنونشن: 2021

07 جنوری، 2021

پرواسی بھارتیہ دیوس (پی بی ڈی) کنونشن وزارت خارجہ کا پرچم بردار پروگرام ہے، اور یہ بیرون ملک مقیم ہندوستانیوں کے ساتھ تعلقات اور رابطہ قائم کرنے کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ ہماری متحرک ڈایسپورا برادری کے جذبات کے پیش نظر، کووڈ وبائی مرض کے باوجود، 16ویں پرواسی بھارتیہ دیوس کنونشن 9 جنوری 2021 کو منعقد کیا جارہا ہے۔ اس کنونشن کا انعقاد ورچوئل فارمیٹ میں کیا جائے گا، جیسا کہ حال ہی میں کنونشن کے سلسلے میں پی بی ڈی کانفرنسوں کا انعقاد ورچوئل فارمیٹ میں کیا گیا تھا۔ 16 ویں پی بی ڈی کنونشن 2021 کا مرکزی موضوع "آتم نربھر بھارت کے لئے شراکت داری" ہے۔

پی بی ڈی کنونشن تین حصوں پر مشتمل ہو گی۔ پی بی ڈی کنونشن کا افتتاح ہندوستان کے معزز وزیر اعظم جناب نریندر مودی کریں گے، اور مہمان خصوصی جمہوریہ سورینام کے معزز صدر عالی جناب چندریکا پرساد سانتوکھی، اس کنونشن سے ایک کلیدی خطاب کریں گے۔ نوجوانوں کے لئے آن لائن بھرت کو جانئے کوئز کے جیتنے والوں کا نام بھی اعلان کیا جائے گا۔

افتتاحی سیشن کے بعد دو عمومی سیشن ہوں گے۔ آتم نربھر بھارت میں ڈایسپورا کے کردار سے متعلق پہلے عام سیشن میں وزیر خارجہ اور وزیر تجارت وصنعت خطاب کریں گے، جبکہ کووڈ کے بعد کے چیلنجوں سے نمٹنا- صحت، معیشت، سماجی اور بین الاقوامی تعلقات کے منظر نامے سے متعلق دوسرے عام سیشن سے وزیر صحت اور وزیر مملکت برائے امور خارجہ خطاب کریں گے۔ دونوں عام سیشن میں مدعو کئے گئے ڈایسپورا کے نمایاں اکسپرٹ پینل ڈسکشن کریں گے۔

اختتام ویلڈیکٹوری سیشن سے ہوگا جس میں عزت مآب صدر پرواسی بھارتیہ دیوس کے موقع پر اپنا ویلیڈکٹوری خطاب کریں گے۔ 2020-21 کے لئے پرواسی بھارتیہ سمان ایوارڈز کے ناموں کا بھی اعلان کیا جائے گا۔ پرواسی بھارتیہ سمان ایوارڈز کو بھارتی ڈایسپورا کے منتخب ممبروں کو ان کی کامیابیوں کی اعتراف اور بھارت اور بیرون بھارت مختلف شعبوں میں ان کی شراکت داری کے اعزاز میں دیا جاتا ہے۔

یوتھ پی بی ڈی کو بھی 8 جنوری 2021 کو "ہندوستان اور ہندوستانی ڈایسپورا سے جوان کامیاب افراد کو اکٹھا کرنا" کے موضوع پر ورچوئل طور پر منایا جائے گا، اور وزارت برائے یوتھ امور اور

کھیل کے ذریعہ اس کا اہتمام کیا جائے گا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی نیوزی لینڈ کے وزیر برائے کمیونٹی اور رضاکارانہ شعبے، عزت مآب محترمہ پرینکا رادھاکرشنن ہیں۔

یہ پروگرام پی بی ڈی ویب سائٹ پر براہ راست ویب کاسٹ کیا جائے گا۔

http://www.pbdindia.gov.in اور https://www.youtube.com/user/MEAIndia

**نئی دہلی**

**07 جنوری، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release